السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک حدیث میں ہے : ''نہ کوئی اذان دے مگروہ جو باوضو ہو۔'' (ترمذي، أبواب الصلاة، باب ما جاء فی کراہیة الأذان بغیر وضوء) یہ حدیث صحیح ہے یا حسن یا ضعیف ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ترمذی والی سند میں تین نقص ہیں : ولید بن مسلم کی تدلیس ، معاویہ بن یحییٰ صدفی کا ضعف اور زہری ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان انقطاع ۔ لہٰذا یہ روایت ضعیف وکمزور ہے ۔ قابل احتجاج واستدلال نہیں ۔

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02

محدث فتویٰ